# اپیل برائے تعاون

محترم والدین، السلام علیکم ورحمتہ اللہ

مثل مشہور ہے اتفاق میں برکت ہے۔

ہم نے بھی اسی حوالے سے آپ سے رابطہ کرنے کی، آپ تک پہنچنے کی یہ کوشش کی ہے۔ کیونکہ ہمیں آپ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے۔

آج سے تقریباً ایک سال پہلے نور سکول پاکستانی بچوں کا ایک چھوٹا سا گروپ تھا جن کے لیے چند خواتین کے تعاون سے گھروں میں ہر مہینے ایک تعلیمی پروگرام رکھا جاتا۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالٰی کے فضل وکرم سے یہ چیز بڑھی اور بچوں کی تعداد اتنی ہوئی کہ اب یہ سلسلہ گھروں میں چلانا آسان نہیں تھا ۔ اس لیے ہمارا یہ ننھا منھا گروپ مسجد الرحمٰن میں شفٹ ہو گیا۔ پہلے نور سکول کے لیے وہاں دو کمرے حاصل کیے گے۔ پھر جلد ہی چار کمرے لیے گے۔ لیکن بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی وجہ سے اب یہ چار کلاس روم بھی کافی نہیں رہے۔ اب ہمیں نور سکول کا ایک اچھا اور موثر نظام چلانے کے لیے مسجد الرحمٰن میں ہی مزید کمرے درکار ہیں۔ ابھی تک جو کمرے حاصل کیے گیے ان کا کرایہ اساتذہ اور چند والدین ادا کرتے ہیں۔ لیکن مزید کمرے حاصل کرنے کے لیے اب ہمیں آپ کا مالی تعاون درکار ہے۔

اگر آپ بھی اس مقصد کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اور ہمارے پیش کردہ نصاب سے مطمئن ہیں تو آگے بڑھیے اور ہمارا ساتھ دیجیے۔

آپ کا یہ تعاون انشاءاللہ آپ کے لیے صدقہ جاریہ بنے گا اور ہم سب کے بچوں کے لیے دینی تعلیم حاصل کرنے اور اردو زبان سیکھنے کا سبب بنے گا۔

﴿ کون ہے جو اللہ کو قرض دے؟ اچھا قرض، تا کہ اللہ اسے کئی گنا بڑھا کر واپس دے اور اس کے لیے بہترین اجر ہے۔ اس دن جبکہ تم مومن مردوں اور عورتوں کو دیکھو گے کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب دوڑ رہا ہو گا (ان سے کہا جائے گا کہ) آج بشارت ہے تمہارے لیے، جنتیں ہوں گی جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہی ہے وہ بڑی کامیابی۔ ﴾ الحدید آیت نمبر ۱۱

آپ حسب استطاعت اپنی مستقل ماہانہ اعانت ہر اتوار ایک سے چار بجے تک مسجد الرحمٰن میں نور سکول کی انتظامیہ کو پہنچا سکتے ہیں۔ جزاک اللہ